**03.10.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

1- امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کے ڈیری کے شعبے میں، پچھلے 11 سال کے دوران 70 فیصد کی زبردست ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے ہریانہ کے روہتک شہر میں سابر ڈیری پلانٹ کا افتتاح کیا۔

2- وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک کی معیشت مستحکم ہے اور اس میں لگاتار ترقی ہورہی ہے۔

3- آکاشوانی کے انتہائی مقبول پروگرام 'من کی بات' کے آج 11 سال پورے ہوگئے ہیں۔

4- ویتنام میں طوفان Bualoi میں مرنے والوں کی تعداد 51 ہوگئی ہے۔

5- اور کرکٹ میں احمد آباد میں پہلے ٹسٹ میچ کے آج دوسرے دن بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Amit Shah Haryana**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ہریانہ کے شہر روہتک میں سابر ڈیری پلانٹ کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر جناب شاہ نے کہا کہ ملک کے ڈیری کے شعبے میں پچھلے 11 سال کے دوران 70 فیصد کی زبردست ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں یہ سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا شعبہ ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ سابر ڈیری نے پورے ملک میں سب سے بڑے پلانٹ کی تعمیر کا کام مکمل کرلیا ہے جس پر 350 کروڑ روپے کا سرمایہ لگا ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ اُن کسانوں کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا جو دودھ کی پیداوار کرتے ہیں اور اِس سے پورے NCR خطے کی ضرورت پوری ہوگی۔

**SB - Amit Shah**

**Sitharaman Kautilya Conclave**

وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے آج وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے 8 فیصد GDP شرح ترقی کی

ضرورت پر زور دیا۔ نئی دلی میں کوٹلیا اقتصادی کانفرنس کے افتتاحی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ عالمی اتار چڑھاؤ کے دوران ملک کی شرح ترقی، اِس کے گھریلو عناصر پر منحصر ہے۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ عالمی دھچکوں کو سہنے کی، ملک کی صلاحیت کافی مضبوط ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ بھارتی معیشت مستحکم ہے اور لگاتار ترقی کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی سطح پر جغرافیائی و سیاسی تنازعات میں شدت آتی جارہی ہے، لہٰذا انہوں نے کہا کہ موجودہ ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے عالمی اداروں میں اصلاحات کیلئے کہا۔×

**Mann Ki Baat 11 Years**

وزیر اعظم نریندر مودی کے، ماہانہ ریڈیو پروگرام 'من کی بات' کے آج 11 سال پورے ہوگئے ہیں۔ اِس پروگرام کی پہلی قسط، وجے دشمی کے موقعے پر 3 اکتوبر 2014 کو نشر کی گئی تھی۔

حال ہی میں وزیر اعظم نے اِس پروگرام کے 126 ویں نشریے سے خطاب کیا تھا۔ یہ پروگرام نہ صرف محض ایک ریڈیو شو ہے بلکہ ثقافتی اور سماجی طور پر یکسر تبدیلی کی ایک علامت بھی ہے۔ یہ تبدیلی ملک کے ہر کونے تک پہنچی ہے۔

اِس پروگرام کی وجہ سے حکومت اور شہریوں کے درمیان راست بات چیت کا سلسلہ شروع ہوا ہے جس کی وجہ سے سماجی تبدیلی کو بڑھاوا ملا ہے اور قومی اتحاد مستحکم ہوا ہے۔

اِس پروگرام کے پچھلے 11 سالہ سفر میں وزیر اعظم نے سماجی، ثقافتی، ماحولیاتی اور رویہ اور برتاؤ پر مبنی اہمیت کے حامل مسائل اور موضوعات کا احاطہ کیا، جس سے ملک میں ایک مثبت اثر پڑا۔

''من کی بات'' پروگرام، وزیر اعظم اور شہریوں کے درمیان رابطہ قائم کرنے کا ایک اہم پلیٹ فارم بن کر اُبھرا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے ایک نشریے میں ''من کی بات'' پروگرام کو سننے والوں کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی تھی کہ اِس کے سننے والے ہی ''من کی بات'' پروگرام کے اصل Anchors ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ اِس پروگرام کے طویل سفر کے دوران ملک بھر سے کہانیوں کا ایک سلسلہ شروع ہوا ہے۔×

**Day Bihar Scheme Nitish**

بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے حال ہی میں شروع کی گئی مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کے تحت آج 25 لاکھ خواتین مستفدین کے بینک کھاتوں میں 10-10 ہزار روپے کی رقم منتقل کی۔ کُل 2 ہزار 500 کروڑ روپے کی رقم ڈائریکٹ بینک ٹرانسفر، DBT کے ذریعہ منتقل کی گئی ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ اِس اسکیم کا مقصد ایسی خواتین کو مالی مدد فراہم کرنا ہے، جو اپنے روزگار کی خواہشمند ہیں اور چھوٹے کاروبار چلا رہی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Dharmendra**

مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کا آغاز بہار اسمبلی انتخابات سے قبل کیا گیا ہے، جسے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت والی حکومت کی ایک اہم پہل سمجھا جارہا ہے۔

اِس اسکیم کے تحت، وزیر اعلیٰ نے آج 2 ہزار 500 کروڑ روپے کی رقم 25 لاکھ خواتین مستفیدین کو منتقل کی ہے۔

اِس اسکیم کے تحت، مستفیدین کو فی کس 10 ہزار روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔ ریاستی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اگر خاتون مستفیدین اپنے روزگار یا چھوٹے کاروبار سنبھالنے میں کامیاب ہوجاتی ہیں، تو وہ مزید 2 لاکھ روپے کی رقم پانے کی اہل ہوں گی۔

حکومت نے اِس منصوبے کا آغاز اپنی مدد آپ گروپوں کی ایک کروڑ 40 لاکھ سے زیادہ خواتین ممبروں کے وسیع نیٹ ورک کو مالی مدد پہنچانے کے مقصد سے کیا تھا، جسے دیہی علاقوں میں Jivika Didis کے نام سے جانا جاتا ہے۔

اِس اسکیم کو اپنی مدد آپ گروپوں کے ذریعہ نافذ کیا جارہا ہے۔

دھرمیندر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں حبیب الرحمان

## GST Reforms Two Wheelers and Cars

وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اعلان کردہ GST بچت اُتسو، جو اس ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوا، معاشرے کے ہر طبقے کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔ اگلے سلسلے کی GST اصلاحات، بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہیں۔ یہ اصلاحات مختلف اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرح کم کرکے شہریوں کو خاطر خواہ راحت فراہم کررہی ہیں۔

## Meity Gaming Draft

حکومت نے 2025 کے، آن لائن گیمنگ اصولوں کے فروغ اور ضابطوں کے مسودے پر عوام کی رائے طلب کی ہے۔ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اِن اصولوں کے مسودے پر رائے، اِس مہینے کی 31 تاریخ تک اِس ای- میل پتے پر بھیجی جاسکتی ہے۔

ogrules.consultation@meity.gov.in

وزارت نے یہ بھی بتایا ہے کہ اِس رائے کا انکشاف کسی پر بھی اور کسی مرحلے میں بھی نہیں کیا جائے گا۔x

## India ISSA Award

بھارت کو سماجی تحفظ کے شعبے میں گرانقدر کامیابی کے لیے پُر وقار بین الاقوامی سوشل سکیورٹی ایسوسی ایشن ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔ لیبر اور روزگار محکمے کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ نے آج ملیشیا کے شہر کوالا لامپور میں ISSA عالمی سوشل سکیورٹی فورم میں یہ ایوارڈ حاصل کیا۔

ایوارڈ وصول کرنے کے بعد ڈاکٹر مانڈویہ نے کہا کہ بھارت میں مضبوط ڈیجیٹل پبلک انفرا اسٹرکچر سے سماجی سکیورٹی کے فائدے ہر شخص کو موثر انداز سے پہنچانے کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ e-Shram پورٹل کا ذکر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے

کہا کہ بھارت میں سماجی سکیورٹی کے دائرے کو دنیا میں سب سے تیز رفتار کے ساتھ وسعت حاصل ہوئی ہے، جو 2015 کے 19 فیصد سے بڑھ کر 2025 میں 64 اعشاریہ تین فیصد ہوگیا۔ اِس طرح 94 کروڑ سے زیادہ شہری اِس کے دائرے میں آچکے ہیں۔x

**Bill Gates India**

مائکرو سافٹ کے بانی ساتھی بل گیٹس نے ، اختراع کے شعبے میں، بھارت کی ایک عالمی رہنما کے طور پر ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُس کے قائدانہ طریقِ کار میں اتنی صلاحیت موجود ہے کہ وہ پورے عالمی جنوب میں لاکھوں لوگوں کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔

ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جس کا اہتمام، بھارتی قونصل جنرل نے، گیٹس فاؤنڈیشن کے ساتھ شراکتداری میں، Seattle میں کیا تھا، جناب گیٹس نے امید ظاہر کی کہ بھارت کے ساتھ یہ شراکتداری جاری رہے گی جس کا مقصد 2047 تک وِکست بھارت کا خواب پورا کرنا ہے۔x

**J&K IMD**

جموں و کشمیر میں کل شام سے بارش کا سلسلہ پھر شروع ہونے کا امکان ہے، جو اگلے تین دن جاری رہے گا۔ اِس کے ساتھ ساتھ خطے میں اونچائی والے مقامات پر سیزن کی پہلی برفباری ہونے کی بھی پیش گوئی کی گئی ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر جموں و کشمیر اور اِس سے ملحقہ علاقوں میں کل سے بارش اور برفباری ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ موسم کے ناموافق حالات کی وجہ سے ٹرانسپورٹ، خاص طور پر جموں-سری نگر اور سری نگر-لیہہ قومی شاہراہ جیسے اہم راستوں پر آمد و رفت میں خلل پڑ سکتا ہے۔x

**Vietnam Typhoon**

ویتنام میں طوفان Bualoi میں مرنے والوں کی تعداد 51 تک جا پہنچی ہے۔ قدرتی آفات سے نمٹنے والی سرکاری ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق، موسلا دھار بارش اور سیلاب کی وجہ سے 14 لوگ لاپتہ اور 164 زخمی ہوگئے۔

Bualoi شمالی وسطی ویتنام میں پیر کو آیا تھا جس کی وجہ سے سمندر میں زبردست طغیانی آگئی ہے، ہواؤں کے جھکڑ چل رہے ہیں اور موسلا دھار بارش ہورہی ہے۔ ایجنسی نے بتایا کہ طوفان کی وجہ سے املاک کو 43 کروڑ 50 لاکھ امریکی ڈالر سے زیادہ مالیت کا نقصان پہنچا ہے۔ طوفان کے سبب سڑکوں، اسکولوں اور دفتروں کو شدید نقصان پہنچا ہے اور بجلی کے رابطے منقطع ہوگئے ہیں۔ ایجنسی نے مزید بتایا کہ 2 لاکھ 10 ہزار سے زیادہ مکانات کو نقصان پہنچا ہے اور 51 ہزار ہیکٹر سے زیادہ رقبے میں چاول اور دیگر فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔x

**Cricket**

احمد آباد میں پہلے ٹسٹ میچ کے آج دوسرے دن بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان میچ جاری ہے۔ میچ کے دوسرے دن کے ایل راہل نے سنچری بنائی ہے۔ یہ اُن کے کریئر کی 11 ویں اور اپنے وطن میں کھیلتے ہوئے دوسری سنچری ہے۔
آخری خبریں ملنے تک بھارت نے ویسٹ انڈیز کے ساتھ کھیلتے ہوئے 4 وکٹ پر 317 رن بنالئے تھے۔x

**Jaishankar Iraq**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج عراق کے قومی دن کے موقع پر اُس کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جے شنکر نے اعتماد ظاہر کیا کہ دونوں ملکوں نے دو طرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کا عہد کیا ہوا ہے۔x

**US Lebanon**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے، حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کے مقصد سے، لبنان کے حفاظتی دستوں کیلئے 23 کروڑ امریکی ڈالر کی منظوری دی ہے۔ ذرائع کے مطابق اِس فنڈ میں، لبنان کی مسلح فوجوں کیلئے 19 کروڑ امریکی ڈالر اور اندرونی حفاظتی دستوں کیلئے 4 کروڑ امریکی ڈالر کی رقم شامل ہیں۔
امریکہ کے ڈیموکریٹک پارٹی کے پارلیمانی رکن نے کہا کہ یہ رقوم، امریکہ کے 30 ستمبر کو ختم مالی سال سے کچھ ہی پہلے جاری کی گئی ہیں۔
لبنان کے صدر Joseph Aoun اور وزیر اعظم نواف سلام نے حفاظتی دستوں سے کہا ہے کہ وہ ایک ایسا منصوبہ تیار کریں جس کے تحت یہ یقینی بنایا جاسکے کہ پورے ملک میں اِس سال کے آخر تک سبھی ہتھیار حفاظتی دستوں کے پاس آجائیں۔
اِسی دوران حزب اللہ نے یہ کہہ کر، خود کو غیر مسلح بنانے کی اپیل کو مسترد کردیا ہے کہ اسرائیل کے ساتھ جنگ ابھی جاری ہے۔x

**Putin India Visit**

روس کے صدر ولادیمیر پتن، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ سالانہ سربراہ ملاقات کے لیے دسمبر میں بھارت کے دورے پر آئیں گے۔ کریملن کے ترجمان Dmitry Peskov نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ صدر پتن کا یہ دورہ نئے سال سے قبل ہوگا۔
ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ اُن کے دورے کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ 2022 کے اوائل میں یوکرین لڑائی شروع ہونے کے بعد سے روس کے صدر کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔x

**BJP Jharkhand**

بی جے پی نے پارٹی کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا کے ممبر پارلیمنٹ آدتیہ ساہو کو جھارکھنڈ ریاستی یونٹ کا، ورکنگ صدر

مقرر کیا ہے۔ ایک بیان میں پارٹی نے کہا کہ یہ تقرر قومی صدر جگت پرکاش نڈا کے ہاتھوں کیا گیا ہے۔ جناب ساہو نے رویندر کمار رے کی جگہ لی ہے جو ایک سابق ممبر پارلیمنٹ ہیں اور انہیں پچھلے سال اکتوبر میں اِس عہدے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆